नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

**No. of Questions : 29**

**No. of Printed Pages : 07**

# S–72 - Urdu (T.L.) (Supp.)

## SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION-2018

# URDU

**(Third Language)**

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حِصّہ (الف)

مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اقتباس کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے :

کبیر نے کسی اسکول میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ ان کا اسکول زندگی ہے۔ اُن کے گرو سوامی رامانند اور پیر تقی ان کے اُستاد تھے، جن سے کبیر نے انسانیت کا پیغام سیکھا۔ دولت کو ٹھوکر مارنا اور خدا سے لَو لگانا سیکھا۔ انسانوں کی خدمت کرنا سیکھا۔ اس طرح کبیر نے اپنے زمانے کی سماجی برائیوں، مثلاً ڈھونگ، خودغرضی کی مذمّت کی۔ ان کا خیال تھا کہ اچھے لوگوں کی صحبت سے انسان کے اندر بڑی بڑی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ خدا پر اگر یقین ہو تو بڑی سے بڑی مصیبت ٹل جاتی ہے اور ایسے ہی لوگوں کو زندگی کی اصل خوشی حاصل ہوتی ہے۔

1. اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

2. کبیر نے کن سماجی بُرائیوں کی مذمّت کی ؟ 1

3. کبیر کے گرو اور استاد کون کون تھے ؟ 1

4. انسان میں بڑی بڑی خوبیاں کیسے پیدا ہوتی ہیں ؟ 1

5. اس اقتباس میں استعمال شدہ الفاظ 'پیغام' اور 'خدمت' کے معنی بتایئے۔ 1

## حِصّہ (ب)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** یا دو جملوں میں دیجیے :

6. سرسید احمد خاں کہاں پیدا ہوئے ؟ 1

7. سبق 'امتحان کی تیاری' کے مُصنّف کا نام لکھیے۔ 1

8. عیدگاہ میں نوشیروان کو کس چیز کی ضرورت تھی ؟ 1

9. عبدالحمید کے والد اور والدہ کا نام لکھیے ۔ 1

10. بہزآد لکھنوی کا اصل نام کیا تھا ؟ 1

11. مولانا محمد حسین آزآد کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے ۔ 1

## حِصّہ (ج)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے **تین** سطروں میں لکھیے :

12. ''کامیابی و ناکامی خُدا کے ہاتھ ہے'' یہ بات کس نے کس سے کہی ؟ 2

13. ابّو خاں بدنصیب کس طرح تھے ؟ 2

14. واجدعلی شاہ اخترؔ نے حضرت محل کو ''افتخارالنساء خانم'' کا خطاب کیوں دیا تھا ؟ 2

15. آزادی کی تحریک میں شامل کن ہی چار مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے ۔ 2

16. کھیلنے کودنے سے متعلق پُرانے زمانے میں کون سا مقولہ مشہور تھا ؟ 2

17. حمد کسے کہتے ہیں ؟ 2

18. چمن چھوٹنے کے بعد پرندے کی کیا حالت ہوگئی تھی ؟ 2

## حِصّہ (د)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **چار** سے **چھ** سطروں میں دیجیے :

19. 'باغ باغ ہونا' اور 'جان میں جان آنا' محاوروں کے مطلب لکھیے اور اُن کو اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ **4**

20. مندرجہ ذیل رموز و اوقاف میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور اُن کی علامتیں (نشانات) بھی بتائیے : **4**

(i) سکتہ (Comma)

(ii) قوسین (Brackets)

(iii) خط (Dash)

(iv) ندائیہ، فجائیہ (Sign of exclamation)

21. مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے : **4**

(i) فعل

(ii) فاعل

(iii) مفعول

22. مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو لفظوں کے دو دو مترادِف الفاظ لکھیے : **4**

(i) سورج

(ii) زندگی

(iii) دوست

**یا**

مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی **چار** لفظوں کے متضاد (اُلٹے) لفظ بتائیے :

(i) خاص (ii) صاف (iii) آرام

(iv) حلال (v) جاہل (vi) جیت

23. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے : **4**

اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ لیکن اُن سبھی نعمتوں کا لُطف ہم تب ہی اُٹھا سکتے ہیں جب ہم تندرست اور صحت مند ہوں۔ اگر ہمارا جسم تندرست نہ ہو تو ہمیں نہ تو کھانے پینے کی چیزوں میں لذّت آئے گی اور نہ ہی ہم کسی کام کو پوری توجہ سے کر سکیں گے۔

یہاں تک کہ خدا کی عبادت میں بھی ہمارا من نہیں لگے گا۔ ایک تندرست شخص دینی اور دنیاوی دونوں شعبوں میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ اس لیے کہا گیا ہے کہ انسان دولت اور دوسری چیزیں تو بعد میں بھی حاصل کر سکتا ہے لیکن مکمل تندرستی ایک بار جانے کے بعد پھر نہیں آتی۔

**یا**

تم یقین کرو یا نہ کرو لیکن میاں ایٹم واقعی اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ اگر مٹر کے برابر پچاس کروڑ موتیوں کا ہار بنائیں تو وہ تقریباً دو ہزار کلومیٹر لمبا ہوگا جب کہ پچاس کروڑ ایٹوں کا ہار صرف انگوٹھی کے برابر ہوگا اور اگر مٹر کے ایک کھوکھلے دانے میں ایٹم ٹھوس ٹھوس کر بھرے جائیں تو وہ اتنے زیادہ ہوں گے کہ اُن کو گننے کے لیے دنیا کے سارے آدمی (تقریباً چھ ارب) لگ جائیں تو ایک ہزار جنم لے کر بھی نہیں گن سکتے جب کہ ہر آدمی کی عمر سو سال مانی جائے اور وہ سوائے گننے کے کوئی دوسرے کام نہ کریں، حالانکہ یہی آبادی صرف سال بھر میں دنیا کے سبھی پیڑوں کی پتّیاں گن سکتی ہے۔ اب شاید تمہیں اندازہ ہو گیا ہو کہ میاں ایٹم کتنے چھوٹے ہوتے ہیں۔

24. نظم یا مثنوی کی تعریف بتائیے۔ (کسی **ایک** صنف کی) **4**

25. مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کن ہی دو کے مطلب لکھیے : **4**

(i) درد مِنّت کشِ دوا نہ ہوا
میں نہ اچھّا ہوا، بُرا نہ ہوا

(ii) کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے ! اُس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

(iii) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

(iv) صبر تھا ایک مونسِ ہجراں
سو وہ مُدّت سے اب نہیں آتا

26. مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) بہادر بنو

(ii) پرندے کی فریاد

(iii) تعلیمِ نسواں

## حِصّہ (ہ)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے دیجیے :

27. مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی **ایک** کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے : 4

(i) علّامہ اقبالؔ

(ii) مرزا غالبؔ

(iii) مخمورؔ دہلوی

28. اپنے بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے اپنے دوست کو ایک خط تحریر کیجیے۔ 8

**یا**

اپنی والدہ کی طبیعت ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے آپ اسکول نہیں جا سکتے ہو۔ اپنے اسکول کے پرنسپل / ہیڈ ماسٹر صاحب کو تین دن کی چھٹّی (رخصت) کی درخواست لکھیے۔

29. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر مُفصّل مضمون لکھیے : 8

(i) ہولی کا تہوار

(ii) یومِ آزادی

(iii) تعلیم نسواں (لڑکیوں کی تعلیم)